چابہار سہ فریقی معاہدے کی حتمی شکل

17اپریل،2016(آئی این ایس انڈیا)

ہندوستان، افغانستان اور ایران کے ماہرین کی دوسری میٹنگ 11اپریل کو نئی دہلی میں تینوں ممالک کے درمیان نقل وحمل اور ٹرانزٹ کوریڈور (چابہار معاہدے)، سہ فریقی معاہدے کو حتمی شکل دینے کے لئے منعقد کی گئی تھی۔

سہ فریقی تعاون کے معاہدے کے مسودے کے مطابق، افغان سمندری سرحد کے متبادل کے استعمال کے ساتھ ساتھ، ہندوستان افغانستان کے درمیان تجارت کوفروغ دینا ہے۔ جب معاہدہ نافذ ہوگا، تو چابہار بندرگاہ کے استعمال میں نمایاں اضافہ ہو جائے گا اور افغانستان کی اقتصادی ترقی میں کردار ادا کرے گا، اور یہ ہندوستان، افغانستان اور وسطی ایشیا کے درمیان بہتر علاقائی رابطے کی سہولت فراہم کرے گا۔ معاہدے سے تینوں ممالک کے ساتھ ساتھ اس علاقے میں

لوگوں اور اشیاء کی زیادہ سے زیادہ آمد ورفت ہوگی۔تینوں ممالک کے درمیان ضروری اندرونی طریقۂ کارکو مکمل کرنے کے بعد،معاہدے پراعلیٰ سطح پر دستخط کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔

نئی دہلی،

17اپریل،2016